سوال

یہ کہنا ''(اَطَالَ اللّٰہُ بَقَاءَکَ) یا (طَالَ عُمْرُکَ) کیا حکم ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہ کہنے کے بارے میں کیا حکم ہے : (اَطَالَ اللّٰہُ بَقَاءَکَ) یا (طَالَ عُمْرُکَ) ''اللہ تعالیٰ آپ کو طویل عمر عطا فرمائے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طول بقا کے مطلق دعا نہیں کرنی چاہیے کیونکہ طول بقا تو خیر بھی ہو سکتی ہے اور شر بھی۔ وہ آدمی سب سے برا ہے جس کی عمر طویل ہو اور عمل برا ہو، لہذا اگر یہ کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی اطاعت میں دراز عمر عطا فرمائے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 178